45x3

Shezan

شیزان انٹرنیشنل لمیٹڈ

56۔ بند روڈ، لاہور

اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ شیزان انٹرنیشنل لمیٹڈ کے حصص یافتگان کا ایک غیر معمولی اجلاس عام بروز جمعہ 26 جون 2020ء بوقت 10:30 بجے صبح بمقام کمپنی رجسٹرڈ آفس، 56۔ بند روڈ، لاہور میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا۔

ا۔ عمومی کاروائی

1۔ کمپنی کے آخری سالانہ اجلاس عام منعقدہ 26 اکتوبر 2019ء کی کاروائی کی توثیق کرنا۔

2۔ 28 جون 2020ء کو شروع ہونے والی تین سالہ مدت کے لئے کمپنیز ایکٹ 2017ء کی شق 159 (1) کی تعمیل میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی مقررہ تعداد کے مطابق (8) آٹھ ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔

سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ جناب منیر نواز
2۔ جناب ہمایوں احمد شاہنواز
3۔ جناب ایم نعیم
4۔ جناب راشد امجد خالد
5۔ محترمہ مناہل شاہنواز
6۔ جناب محمد خالد
7۔ جناب شاہد حسین جتوئی
8۔ جناب توقیر نواز

ب۔ خصوصی کاروائی

3۔ کمپنی کے کل وقتی ڈائریکٹرز صاحبان اور چیف ایگزیکٹو کی تنخواہوں کی منظوری پر غور وخوض کرنا۔

پ۔ دیگر امور پر کاروائی

صاحب صدر کی اجازت سے کسی دیگر امور پر کاروائی کرنا۔

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (3) 134 کے تحت اہم حقائق کا بیان

مندرجہ بالا خصوصی کاروائی برائے ایجنڈا آئٹم نمبر 3 سے متعلق مطلوبہ بیان حصص یافتگان کو اس اجلاس کے نوٹس کے ہمراہ بذریعہ ڈاک ارسال کیا جا رہا ہے۔

حسب الحکم بورڈ
خرم بابر
کمپنی سیکریٹری

لاہور:
04 جون 2020ء

COVID-19 کی صورتحال کے سبب بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شرکت کے لئے:

کارپوریٹ سیکٹر کے لئے کورونا وائرس کے اثرات کو کم کرنے کے لئے ریگولیٹری ریلیف کے سلسلہ میں ایس ای سی پی کے ذریعے سرکلر نمبر 5 اور 10 بالترتیب 17 مارچ 2020ء اور یکم اپریل 2020ء کے تحت غیر معمولی اجلاس عام ہذا میں بذریعہ وڈیو لنک سہولت (''زوم'' جو گوگل پلے یا ایپل ایپ اسٹور سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہے) شرکت کے متمنی حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ غیر معمولی اجلاس عام ہذا کے انعقاد سے کم از کم دو روز قبل meetings@shezan.com پر مندرجہ ذیل تفصیلات کے ساتھ کمپنی سیکریٹری کے دفتر میں رجسٹریشن کرا لیں۔

حصص یافتہ کا نام	قومی شناختی کارڈ نمبر	فولیو نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس

☆ خواہشمند حصص یافتگان کی جانب سے مندرجہ بالا معلومات کی وصولی پر کمپنی ان کے ای میل ایڈریسز پر لاگ اِن تفصیلات فراہم کر دیگی۔

☆ غیر معمولی اجلاس عام ہذا کے انعقاد کے دن حصص یافتگان بذریعہ اپنے اسمارٹ فون یا کمپیوٹر ڈیوائسز اپنے متعلقہ مقامات سے مذکورہ غیر معمولی اجلاس عام کی کاروائی میں لاگ اِن اور شرکت کر سکیں گے۔

☆ شناختی اور تصدیقی عمل کے بعد شرکاء کو اجلاس میں شرکت کے لئے 30 منٹ قبل لاگ اِن سہولت کھولی جائیگی۔

نوٹ:

1۔ کوئی بھی شخص جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا/ چاہتی ہو، کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159 کے تحت بطور ڈائریکٹر انتخاب کے لئے اپنی خواہش کا کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس سے چودہ (14) یوم قبل بمعہ درج ذیل اظہار کرے:

a۔ اس بات پر رضامندی کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 167 (1) کے تحت مکمل پُر کئے ہوئے فارم 28 میں بیان کردہ ڈائریکٹر کی حیثیت سے کام کرنے پر آمادہ ہے۔

b۔ کمپنی کی ویب سائٹ پر اندراج کے لئے تفصیلی کوائف معہ دفتر کا پتہ۔

c۔ سی این آئی سی/ پاسپورٹ اور نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) کی تصدیق شدہ کاپی۔

d۔ فولیو نمبر/ سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ نمبر/ سی ڈی سی شریک آئی ڈی نمبر/ سب اکاؤنٹ نمبر۔ ممبر کو ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب میں حصہ لینے کے موقع پر کمپنی کے مقررہ شیئرز کا حامل ہونا چاہیئے۔ ایکٹ کی دفعہ 153(i) کے تحت درج شدہ افراد پر مندرجہ بالا کا اطلاق نہیں ہوگا۔

e۔ دیگر ڈائریکٹرشپ اور عہدوں کی تفصیلات۔

f۔ دستخط شدہ ڈیکلریشن کہ وہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء، میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن آف کمپنی، رول بک آف پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، مجریہ 2019ء اور دیگر متعلقہ قوانین اور ضابطوں کے تحت ڈائریکٹرز کی ذمہ داریوں اور فرائض سے آگاہ ہیں۔

g۔ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشن مجریہ 2019ء کی کلاز 6 (3) کے تحت انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹر کا ڈیکلریشن اور نان جوڈیشل اسٹیمپ پیپر پر حلفنامہ کہ وہ کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹر) ریگولیشنز، مجریہ 2018ء کے ریگولیشن 4 کے سب ریگولیشن (1) کے تحت تمام ضروری/ معیار کے مطابق ہیں۔

2۔ کمپنی کی شیئرز ٹرانسفر بکس 20 جون 2020ء تا 26 جون 2020ء (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔

3۔ تمام حصص یافتگان اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھتے ہیں۔

4۔ غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کے حقدار حصص یافتگان اپنی جگہ کسی اور حصص یافتگان کو بھی اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لئے اپنا پراکسی (نمائندہ) مقرر کر سکتا/ سکتی ہے۔ پراکسی فارم کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم (48) اڑتالیس گھنٹے قبل لازماً موصول ہو جائیں۔ پراکسی اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ مہیا کرے۔

5۔ حصص یافتگان سے التماس ہے کہ پتہ میں تبدیلی کی صورت میں کمپنی کے رجسٹرار، کارپلنک پرائیویٹ لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ K-1 کمرشل ماڈل ٹاؤن لاہور کو فوری طور پر مطلع کریں۔

6۔ حصص یافتگان جنہوں نے ابھی تک اپنے کمپیوٹرائزڈ/ اسمارٹ قومی شناختی کارڈ (CNIC/SNIC) کی فوٹو کاپی کمپنی کو جمع نہیں کروائی، ان سے جلد از جلد اسے بھیجنے کی درخواست کی جاتی ہے۔

7۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے درج ذیل رہنما اصولوں کی پابندی کرنا ہوگی۔

(ا) اجلاس میں شرکت کیلئے:

(i) افراد، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا کوئی ایسا فرد جس کی حصص گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات باضابطہ طور پر درج ہیں اجلاس میں شرکت کے وقت شناخت کی تصدیق کے لئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC/SNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھائے گا۔

(ii) کارپوریٹ شناخت کے معاملے میں اجلاس کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی جس پر نامزد فرد کے دستخط کے نمونے ہوں پیش کریں۔ (اگر پہلے پیش نہ کی گئی ہو)۔

(ب) پراکسی کے تقرر کیلئے:

(i) افراد، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب ہولڈر اور/ یا کوئی ایسا فرد جس کی حصص گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات باضابطہ طور پر Uploaded ہیں مندرجہ بالا شرائط کے مطابق مختار نامہ جمع کروائیں گے۔

(ii) پراکسی فارم پر دو (2) گواہوں کے دستخط ہوں گے جن کے نام اور پتے اور (CNIC/SNIC) نمبر فارم پر درج ہوں گے۔

(iii) مختار نامہ کے ہمراہ اکاؤنٹ ہولڈر اور پراکسی کے (CNIC/SNIC) یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول بھی منسلک ہوں۔

(iv) پراکسی ہولڈر اپنا اصل (CNIC/SNIC) یا اصل پاسپورٹ بوقت اجلاس پیش کرے گا۔

(v) کارپوریٹ شناخت کے معاملے میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی معہ (نامزد فرد کے) دستخطوں کے نمونوں کے پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو پیش کرنا ہوگی (اگر اس سے قبل پیش نہ کی گئی ہو)۔

8۔ کمپنی نے نوٹس غیر معمولی اجلاس عام بمعہ پراکسی فارم اپنی ویب سائٹ www.shezan.com پر چسپاں کر دیا ہے۔

9۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 145-143 کی ضروریات کے حوالہ سے ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لئے کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی پیروی میں، ارکان کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی، جو کہ مذکورہ بالا ریگولیشنز میں شامل ضروریات اور پروسیجر کے مطابق ڈاک کے ذریعے ووٹنگ ہے۔

10۔ لاہور کے علاوہ کہیں اور رہائش رکھنے والے ممبران ان اجلاس عام کے لئے وڈیو کانفرنسنگ کی سہولت اس شرط پر حاصل کر سکتے ہیں کہ کمپنی کو اس شہر میں رہائش رکھنے والے مجموعی طور سے 10% یا زائد شیئرز کے حامل ممبران اپنی رضامندی سے کمپنی کو اجلاس عام کے انعقاد کی تاریخ سے کم از کم 07 یوم قبل تک پہنچا دی جائے تو، کمپنی اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی کے حوالہ سے اس شہر میں وڈیو لنک سہولت کا انتظام کرے گی۔
کمپنی متعلقہ ممبران کو وڈیو لنک کی سہولت کے مقام اور وہاں تک انہیں رسائی حاصل کرنے کے قابل بنانے والی مکمل ضروری معلومات سے اجلاس کے انعقاد کی تاریخ سے قبل مطلع کر دے گی۔

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 166(3) کے تحت گوشوارہ

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 153 اور دفعہ 166 کے تحت معیار اور اہلیت کا حامل شخص انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹر کے انتخاب کے لئے نامزدگی داخل کر سکتا ہے۔ تاہم یہ امر قابل ذکر ہے کہ انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹر کا انتخاب کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 159 کے مطابق دیگر ڈائریکٹرز کے انتخاب کی طرح ہوگا۔ کمپنی، کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 166(2) کے اندراج کے مطابق انڈیپینڈنٹ معیار پر پورا اترنے والے فرد کا ڈیٹا بینک سے انتخاب سے قبل بھرپور جائزہ لے گی۔

ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے امیدواروں کی فہرست دفعہ 159(4) کے تحت اجلاس ہذا کی تاریخ سے کم از کم (7) سات روز قبل اخبارات میں شائع کی جائیگی۔ مزید براں کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی ہر ڈائریکٹر کے لئے مطلوبہ معلومات اپ لوڈ کر دی جائیں گی۔

مذکورہ امور میں انتخاب میں حصہ لینے کے سوائے کسی ڈائریکٹر کو اور کوئی براہ راست دلچسپی نہیں ہے۔